سوال

(735) سورت مکمل کرنے پر پورا ثواب ملے گا یا کوئی کمی ہوگی؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک سورت جس کا ثواب قرآن وحدیث میں آتا ہے اس سورۃ کا اتنا ثواب ہے کہ اب اگر ایک آدمی زیادہ ثواب والی سورۃ پڑھ رہا ہے اور کوئی آکر اس سے باتیں پوچھتا یا کرتا ہے، وہ بار بار سورت جہاں چھوڑی تھی وہیں سے شروع کرتا ہے کیا اس کو اس طرح سورت مکمل کرنے پر پورا ثواب ملے گا یا کوئی کمی ہوگی؟

(حامد رشید، لاہور)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

درست ہے اس طرح بھی اس کو پوری سورت کا اجر و ثواب مل جائے گا ان شاء اللہ تعالیٰ۔ کیونکہ فضیلت والی سورتوں میں اجر و ثواب کے لیے لگاتار بلاوقفہ پڑھنے کی قید و شرط کہیں وارد نہیں ہوئی۔ ۲۹/۸/۱۴۲۳ھ

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد02ص733

محدث فتویٰ